سوال

(182)فاسق وفاجر کے پیچھے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی ایسے امام کے پیچھے جو جھوٹ بولتا ہو، غیبت کرتا ہو، وعدہ خلافی کرتا ہو، چغل خوری کرتا ہو، بھائیوں کے درمیان ناچاقی کراتا ہو، اپنی جماعت سے دوسری جماعتوں کو ترجیح دیتا ہو، سگریٹ نوشی کرتا ہو، نماز ہوجاتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے امام کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے۔ البتہ بجذبہ خیر خواہی اسے ان حرکات سے باز رہنے کی نیک نیتی کے ساتھ تلقین کرتے رہنا چاہیے رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

«اَلدِّینُ النَّصِیحَۃُ» (مسلم کتاب الایمان باب بیان ان الدین النصیحة)

''دین خلوص اور خیر خواہی کا نام ہے'' الحدیث۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص159

محدث فتویٰ